تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 15 2024

پریس ریلیز

جامعہ گرلز سینئر سیکنڈری اسکول (جے جی ایس ایس ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پندرہواں سالانہ جلسہ منایا

جامعہ گرلز سینئر سیکنڈری اسکول (جے جی ایس ایس ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے تیرہ فروری دو ہزار چوبیس کو ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم میں انتہائی جوش وخروش اور سرگرمی کے ساتھ اپنا پندرہواں سالانہ جلسہ منایا۔ پارسولی کارپوریشن کے چیئرمین اور مانو کے سابق امیر جامعہ جناب ظفر سریش والا پروگرام کے مہمان خصوصی تھے۔ کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین پروگرام کے سرپرست اعلی اور محترمہ آسیہ سریش والا ماہر تعلیم اور جناب سریش والا کی اہلیہ محترمہ پروگرام میں مہمان اعزازی تھیں۔ پروگرام میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ممتاز شخصیات، اساتذہ، پریس کے افراد اور طلبا شامل ہوئے۔

اسکول کی پرنسپل محترمہ انجم اقبال نے مہمان خصوصی اور دیگر معزز شخصیات اور مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور اس کے بعد جامعہ کا ترانہ گایا گیا۔ اس موقع پر ماحولیات کے تحفظ پر انگریزی اسکٹ (جسے اسکول کی طالبات نے تیار کیا تھا) تمثیلی مشاعرہ، گجراتی لوک رقص اور مزاحیہ ڈراما جیسے ثقافتی پروگرام بھی منعقد ہوئے۔

بارہویں جماعت کے طالبات نے جناب ظفر سریش والا کے ساتھ کے ساتھ غیر رسمی بات چیت کا سیشن بھی کیا۔ انھوں نے طالبات سے کہا کہ وہ اس بات پر فخر کریں کہ وہ اس عظیم درسگاہ سے وابستہ ہیں اور اس کے وسائل سے بھرپور استفادہ کا بھی مشورہ دیا۔ انھوں نے لڑکیوں میں خواندگی کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔

پروگرام میں مستحق طلبا کو مختلف اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ جن طلبا نے پڑھائی میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا انھیں انعامات دیے گئے اس زمرے میں سب سے زیادہ فعال رہنے والے طلبا اور صد فی صد حاضری والے طلبا کی بھی حوصلہ افزائی کی گئی۔ علاوہ ازیں، ہم نصابی سرگرمیوں کے ساتھ تعلیمی سال دو ہزار تیئس اور چوبیس کے لیے ہیڈ گرل، نائب ہیڈ گرل اور اسکول کابینہ کے کمیٹی اراکین کو بھی انعامات واعزازات سے نوازا گیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی